> اسلامی معاشرے کی تشکیل باہمی تعاون اور اشتراکیت عمل سے ہوتی ہے

[illegible]

اسلام کا معاشی نظام

تمام انسانوں اور قوموں کے لئے آیۂ رحمت

سعدی ...

جنگ عظیم کے بعد سیاسی اور فوجی اعتبار سے دوسری ... دو عظیم الشان طاقتیں ابھر کر دنیا کے سامنے آگئیں وہ دو ہیں۔ ایک روس دوسرا امریکہ۔ آج تمام دنیا میں جو اقتصادی نظام چل رہے ہیں وہ بھی دو ہیں۔ ایک اشتراکیت دوسرے سرمایہ داری۔ اور عصر حاضر کی تمام اقوام و ممالک انہی دو نظاموں میں بٹے ہوئے ہیں۔ اشتراکیت کا بانی مبانی روس ہے۔ اور سرمایہ داری کا علمبردار امریکہ۔

جنگ عظیم جب ختم ہوئی تو اس کے فوراً بعد ہی اپنے اپنے متضاد خیالات و نظریات کی بنیاد پر امریکہ و روس کے درمیان ایک سرد جنگ شروع ہو گئی جو آج تک جاری ہے۔ اسی دوران میں پھر دنیا کی تیسری طاقت وجود میں آئی جسے چین کہتے ہیں۔ ... [illegible]

Asian Food Market

is OPEN now!

414 KING STREET EAST

at VICTORIA AVE

HAMILTON

7 DAYS A WEEK

PHONE: 528-8184

خصوصی اعلان

ایشین فوڈ مارکیٹ کھل چکی ہے

جہاں آپ کو نہایت ہی سستے داموں پر حلال گوشت، مرغیاں، مسالہ جات، دالیں، باسمتی چاول، اور تازہ سبزیاں مہیا کی جاتی ہیں اور حسب دستور آرڈر ملنے پر ڈیلیوری کا انتظام ہے۔

THE MARKET WILL CARRY ON VERY REASONABLE PRICES AT ALL TIMES IN RETAIL SALE.

IT WILL PROVIDE FRESH HALAL GOAT, LAMB, BEEF, VEAL, CHICKEN MEATS, ALL KINDS OF DALLS, SPICES, PICKLES, FRESH VEGETABLES AND TROPICAL FRUITS AND HUNDREDS OF OTHER ITEMS.

MANAGEMENT WILL PROVIDE DELIVERY TO THE FOLLOWING TOWNS:
HAMILTON, BURLINGTON, DUNDAS, STONEY CREEK, GRIMSBY, WATERDOWN, MISSISSAUGA, OAKVILLE, BRANTFORD, CAMBRIDGE, PARIS, KITCHENER, WATERLOO, HESPLER, GALT, GUELPH, BEAMSVILLE, JORDAN'S HARBOUR, WELLAND, ST. CATHERINES, NIAGARA FALLS, FORT ERIE, AND BUFFALO, USA.

Asian Food Market

Affectionately yours

[illegible]

بہنوں کی محفل

بچوں کی خوراک

بچوں کے لئے مناسب اور متوازن خوراک ایک ایسا موضوع ہے جو ایک بین الاقوامی مسئلہ بن گیا ہے

پیدائش سے لے کر پانچ برس کی عمر تک بچوں کی جسمانی نشوونما اگر ٹھیک طرح نہیں ہوتی تو بچہ نہ صرف جسمانی طور پر کمزور ہوگا بلکہ اُسے مختلف قسم کی بیماریاں بھی لاحق ہو سکتی ہیں اور یہ بیماریاں زندگی بھر اُسے جسمانی طور پر پریشان کر سکتی ہیں۔ اس نازک عمر میں بچے کی خوراک کا خاص طور پر دھیان رکھنا ضروری ہے۔ تاکہ اس کی جسمانی صحت کی بنیاد مضبوط بن سکے بچے کو دی جانے والی متوازن خوراک جہاں اس کی جسمانی نشوونما میں معاون ثابت ہوتی ہے۔ وہاں اُسے بیماری سے بھی محفوظ رکھتی ہے۔

ماں کا دُودھ - ہاں یا نہیں؟

بچے کو ماں کا دودھ پلانا چاہیے یا نہیں

ماں کا دُودھ صاف اور سادہ ہوتا ہے جس کے دو بڑے فائدے ہیں ایک تو اس دُودھ سے بچے کو آنتوں کی بیماریاں نہیں ہوتیں۔ دُودھ بچہ سیدھا ماں سے حاصل کرتا ہے اس لئے اس میں کسی قسم کے ضرر رساں جراثیم داخل نہیں ہو سکتے۔ اس کے برعکس جن بچوں کو کوئی اور دُودھ پلایا جاتا ہے انھیں آنتوں کی بیماری زیادہ ہوتی ہے۔ اوپر کا دُودھ پلانے کے ڈھنگ سے واقفیت نہ ہونا، ماحول اور برتنوں کی صفائی نہ ہونا وغیرہ ایسی وجہیں ہیں جن سے دُودھ میں کسی مرض کے جراثیم شامل ہو کر بچوں کو آنتوں کی بیماریوں میں مبتلا کر سکتے ہیں۔ ماں کا دودھ پلانے کا دوسرا فائدہ یہ ہے کہ ماں اور بچے کو جذباتی تسکین ملتی ہے اس کے علاوہ بچہ جب ماں کا دُودھ چوستا ہے تو اس عمل سے اس کے مونہہ جبڑے، تالو وغیرہ اعضا کی نشوونما بھی ہوتی ہے۔ دودھ چوسنے کے عمل سے ماں کے اندرونی جسمانی اعضا (بچہ دانی) وغیرہ کو اپنی صحیح حالت میں آنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

بچے کی پیدائش کے بعد عموماً ایک، دو دن تک ماں کی چھاتیوں میں دودھ نہیں اُترتا بلکہ ہلکے پیلے رنگ کا ایک مادہ کولوسٹرم (CLOSTRUM) بنتا ہے۔ یہ مادہ ماں اور بچے دونوں کے لئے فائدہ مند ہوتا ہے اس سے جہاں بچے کو دودھ پینے کی عادت پڑتی ہے وہاں اس کی بھوک بھی مٹتی ہے یہ مادہ بہت تھوڑی مقدار میں آتا ہے اور تھوڑی دیر تک ہی بنتا ہے لیکن اسے چوسنے سے جلد ہی دُودھ اُترنے لگتا ہے جب تک پوری طرح دُودھ نہ اُترنے لگے بچے کو اُبال کر ٹھنڈا کئے ہوئے پانی میں معمولی شکر یا گلوکوز ملا کر تھوڑی تھوڑی دیر بعد قطرہ قطرہ دینا مناسب ہے جب ماں کے پُورا دودھ اترنے لگے تو یہ پانی دینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

یہ سوال خاص طور سے قابلِ توجہ ہے کہ بچے کو کس کس وقت دودھ پلایا جائے عام طور پر دیکھا جاتا ہے کہ بچے کو دودھ پلانے کا کوئی وقت مقرر نہیں ہوتا۔ بچہ جب بھی روتا ہے تو ماں فوراً ہی اُسے دودھ پلانے لگتی ہے۔ یہ طریقہ ٹھیک نہیں بہت چھوٹے بچے عموماً تین چار گھنٹے کے وقفے کے بعد دن میں پانچ یا چھ بار دودھ پینے سے مطمئن ہو جاتے ہیں۔ بہر صورت بچے کو دودھ دینے کا وقفہ تین گھنٹے سے کم اور پانچ گھنٹے سے زیادہ نہیں ہونا چاہیے۔ رات کا وقفہ آٹھ گھنٹے کا ہو سکتا ہے۔ اکثر بچہ جب روتا ہے تو اس کا لازماً یہ مطلب نہیں ہوتا کہ وہ دودھ ہی مانگ رہا ہے۔ ممکن ہے وہ چاہتا ہو کہ ماں اُسے اٹھائے یا اُسے پیاس لگی ہو یا اس نے پیشاب کر کے اپنے کپڑے بھگو لئے ہوں اگر ایسی کوئی بات نہ ہو اور بچے کے دُودھ پینے کا وقت ہو گیا تو ضرور ماں کو اُسے دودھ دینا چاہیے۔ اگر ماں کی صحت نارمل ہے اور اس کے دُودھ پُورا اُترتا ہے تو بدل بدل کر دونوں چھاتیوں سے کم سے کم دس منٹ تک بچے کو دُودھ پلانا چاہیے۔

بچے کو اگر دودھ پورا مل رہا ہے تو تین چار ماہ تک اُسے کسی دوسری خوراک کی ضرورت نہیں ہوتی۔ چار ماہ کے بعد بچے کو اُس خوراک کی ضرورت بھی ہوتی ہے جس میں وہ اجزا پائے جائیں جو صرف دُودھ سے ہی اُسے میسر نہیں ہو سکتے۔ سنگترے یا ٹماٹر کا رس، مچھلی کا تیل۔ انڈے کی زردی وغیرہ چار ماہ کے بعد بچے کو ماں کے دُودھ کے ساتھ دینا شروع کر دیں۔

ماں اگر بہت کمزور ہو یا کسی خطرناک مرض میں مبتلا ہو تو ایسی حالت میں بچے کو ماں کا دُودھ نہیں پلانا چاہیے۔

چھ ماہ سے ایک سال تک بچے کی خوراک

بچہ جب چھ ماہ کا ہو جاتا ہے تو اس کی بھوک میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے اور اس کی جسمانی نشوونما کے لئے اُن لازمی اجزا کی ضرورت بھی زیادہ ہو جاتی ہے جو ماں کے دُودھ میں یا تو ناکافی ہوتے ہیں یا بالکل ہی نہیں ہوتے اس عمر میں بچے کو دوسری خوراک بھی درکار ہوتی ہے۔ دوسری خوراک کی مدد سے آہستہ آہستہ ماں کا دُودھ چھڑانے میں بھی آسانی ہوتی ہے۔ اس بات کا خیال رکھنا چاہیے کہ ماں کا دُودھ ایک دم میں چھڑانا چاہیے۔ بلکہ یہ عمل آہستہ آہستہ ہونا چاہیے۔ لیکن ایک سال تک بہرحال بچے کو ماں کا دُودھ چھڑا دینا مناسب ہوتا ہے۔

چھ ماہ سے ایک سال تک کی عمر کے دَوران میں بچے کی دی جانے والی خوراک قدرتی اوصاف کی بنیاد پر تین مختلف حصّوں میں تقسیم کی جا سکتی ہے سیّال خوراک ایسی ٹھوس خوراک جسے سیّال بنا کر بچے کو دیا جا سکتا ہے، اور وہ ٹھوس خوراک ٹکڑے ٹکڑے کر کے دیا جاتی ہے۔ بچے کو دُودھ کے ساتھ ساتھ دی جانے والی ان تین طرح کی خوراکوں کو امدادی یا معاون خوراک کہا جا سکتا ہے۔

بچہ جب چھ ماہ کا ہو جائے تو اُسے ماں کا دُودھ پلانے کے اوقات میں دن میں تین یا چار دفعہ کی کمی کر دینا چاہیے اور اس وقت اُسے ماں کے دودھ کی جگہ بکری گائے یا بھینس کا دُودھ دینا چاہیے۔ ایسا دودھ دو حصّے دودھ اور ایک حصّہ پانی ہونا چاہیے۔ اس طرح دُودھ ہلکا ہو جاتا ہے اور بچے کو ہضم کرنے میں آسانی ہوتی ہے چند ہفتوں میں دُودھ میں پانی کی مقدار آہستہ آہستہ کم کرتے جانا چاہیے۔ دودھ میں تھوڑی سی سفید شکر بھی ملائی جا سکتی ہے اگر ممکن ہو تو ماں کے دُودھ کے بدلے میں بچے کو کل سولہ اونس دُودھ دینا چاہیے۔ بند ڈبے کا خشک دودھ استعمال کرنے کا طریقہ ڈبے پر لکھا ہوتا ہے۔ آج کل مونگ پھلی کا دُودھ بھی بند ڈبوں میں ملتا ہے۔ یہ گاڑھے سے پیسٹ کی شکل میں ہوتا ہے۔ اسے گرم پانی ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ اس دودھ کے اوصاف گائے کے دودھ کے برابر ہی ہوتے ہیں۔

اس عمر میں بچے کو اگر ممکن ہو تو پھلوں کا رس بھی دینا شروع کر دیں۔ ٹماٹر، سنگترہ موسمی، انگور کا رس بچے کو آسانی سے دیا جا سکتا ہے بڑھتی ہوئی عمر میں بچے کی نشوونما کے لئے جو لازمی اجزا درکار ہوتے ہیں وہ صرف دُودھ سے حاصل نہیں ہو سکتے، وہ بچے کو ایسی معاون خوراک کے ذریعے ہی مل سکتے ہیں۔ شروع شروع میں پھلوں کا رس اُبال کر ٹھنڈے کئے ہوئے پانی میں ملا کر دیں۔ آہستہ آہستہ پانی کی مقدار کم کرتے جائیں۔ دن بھر میں تین سے چھ اونس تک پھلوں کا رس دیا جا سکتا ہے۔ پھلوں کا رس اگر میسر نہ ہو سکے تو تازہ سبزیوں کا شوربا بھی دیا جا سکتا ہے۔ جس سبزی کا شوربا بنانا ہو اُسے دھو کر کاٹ لیں اور مناسب مقدار میں پانی اور ذرا سا نمک ملا کر اُبال لیں اور پھر چھان کر اس کا شوربا استعمال کرائیں۔ بچے کی روزانہ کی خوراک میں تھوڑا سا مچھلی کا تیل بھی ملانا چاہیے۔ بچے کو چھ ماہ کی عمر میں چار پانچ قطرے اور ایک سال تک بیس یا پچیس قطرے روزانہ دئے جا سکتے ہیں۔ مچھلی کے تیل میں چند خاص وٹامن پائے جاتے ہیں جو بچے کی جسمانی نشوونما میں اہم رول ادا کرتے ہیں۔

ساتویں یا آٹھویں ماہ میں بچے کو ٹھوس خوراک نرم کرنے کے بعد دی جا سکتی ہے۔ نشاستہ دار خوراک (آلو وغیرہ) اُبال کر خوب مسل لیں اور ذرا سا نمک یا مکھن لگا کر بچے کو دیں۔ اس کے علاوہ دلیا، ساگودانہ کھچڑی، سبزیوں کا نرم گودا۔ انڈے کی زردی اُبلی ہوئی نہایت نرم مچھلی، کیلا، وغیرہ۔ ایسی خوراک ہے جو آہستہ آہستہ بچے کو دُودھ کے ساتھ دی جا سکتی ہے۔

بچہ جب دانت نکالنا شروع کرے تو اُسے مزید ٹھوس خوراک دی جا سکتی ہے۔ اس وقت اُس کے مسوڑھوں کی مضبوطی اور دانت نکالنے کے عمل کے لئے بھی ٹھوس خوراک کی ضرورت ہوتی ہے۔ ایسی ٹھوس خوراک سبزی اور پھلوں کے ٹکڑے، انڈے کی سفیدی اور زردی بسکٹ وغیرہ ہو سکتی ہے۔ لیکن اس بات کا خیال رکھیں کہ جب بچے کو ٹھوس خوراک دینا شروع کر دیں تو موسم کے مطابق اُسے پانی بھی زیادہ مقدار میں پلائیں پانی ٹھوس خوراک کو ہضم کرنے میں مددگار ثابت ہوتا ہے۔

دودھ کے ساتھ بچے کو اس کی ضرورت کے مطابق پُوری معاون خوراک دینی چاہیے یہ بھی ضروری ہے کہ بچے کی خوراک کا وقت متعین ہو۔ دن بھر کوئی نہ کوئی خوراک بچے کو دیتے رہنے سے بچے کا پیٹ خراب ہوتا ہے۔ بچے کی جسمانی نشوونما کی رفتار بھوک اور خوراک میں اس کی دلچسپی کا خاص طور پر دھیان رکھنا چاہیے۔ معاون خوراک تھوڑی مقدار میں شروع کر کے آہستہ آہستہ اس میں اضافہ کرنا چاہیے بچے کو روز ہی ایک طرح کی خوراک نہ دیں، بلکہ بدل بدل کر دیں۔ مختلف قسم کی خوراک ایک ساتھ ملا کر بھی نہیں دینا چاہیے۔ اسی طرح موسم کا خیال رکھنا بھی لازمی ہے۔ گرمی کے موسم میں بچے کو بھوک عام طور پر کم لگتی ہے۔

ایک سال سے پانچ سال تک کے بچے کی خوراک

جب بچہ ایک سال کا ہو جائے تو مناسب یہی ہے کہ ماں اُسے اپنا دُودھ پلانا آہستہ آہستہ کم کر دے اور اُسے اوپر کا دُودھ اور دوسری مناسب خوراک دے، گائے بھینس یا بکری کا دُودھ دن میں کم سے کم تین بار اور وہ خوراک جو بچے کو ایک سال کی عمر میں دی جا رہی ہے، دو سال کی عمر تک جاری رکھی جا سکتی ہے۔ بچے کی بھوک کے مطابق خوراک میں مناسب ترمیم و اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ عام طور پر دو سال کے بچے کو دن بھر میں آدھا کلو دُودھ، ایک انڈا، دن میں ایک دفعہ دال یا مچھلی (اُبالی ہوئی) اور اگر میسر ہو سکے تو کچھ پھل یا پھلوں کا ایک بار رس دیا جا سکتا ہے۔ دن میں ایک مرتبہ ساگودانہ یا اناج کی کوئی بھی مناسب خوراک بھی دینا چاہیے۔ اس طرح اُسے متوازن خوراک بھی ملے گی اور وہ سب ہی ضروری اجزا بھی اُسے میسر آجائیں گے جو اس کی جسمانی نشوونما کے لئے ضروری ہیں مناسب وقفے کے بعد دن بھر میں بچے کو پانچ یا چھ بار خوراک دینا چاہیے

تین سے پانچ سال تک کی عمر سے بچے کو صبح کو مکھن، ڈبل روٹی، دال یا اناج سے بنی ہوئی کوئی ہلکی خوراک، انڈا، اور ساتھ میں آدھا گلاس دُودھ دیں — دوپہر سے پہلے پھلوں کا رس یا موسم کے مطابق پھل دیں۔ دوپہر کو چاول چپاتی، دہی، دودھ، سبزی وغیرہ دے سکتے ہیں۔ شام کو پھر دُودھ دیں۔ دن میں ایک دفعہ مچھلی کا تیل آدھے سے ایک چمچ تک کسی بھی وقت دودھ کے ساتھ دیں۔

بچے کو دُودھ اور خوراک ہمیشہ مناسب وقت پر اور مناسب مقدار میں دینی چاہیے، تاکہ اس کا پیٹ ٹھیک رہے اور وہ کسی بیماری کا شکار نہ ہو سکے۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ متوازن خوراک ہی بچے کی صحت اور بھرپور جسمانی نشوونما کی ضامن ہوتی ہے۔ ●●

> دل کے اکثر فسانہ ہائے جمیل
> آنسوؤں میں سنائے جاتے ہیں
>
> علی اختر اختر

متحدہ محاذ کے فیصلے کی خلاف ورزی کے بعد جمعیت علماء پاکستان کا محاذ سے کوئی تعلق نہیں رہا

مولانا نورانی انتخابی عذرداری سے بچنے کے لئے قومی اسمبلی سے مستعفی ہوئے ہیں

اپوزیشن کراچی سینٹ کی نشست آسانی سے حاصل کر سکتی تھی، مفتی محمود

لیبیوں کی بعض تنظیمیں کھلاڑیوں کو تربیت دینے میں ناکام رہی ہیں

پاکستان سپورٹس بورڈ کا اجلاس جلد طلب کیا جائے: عبدالحفیظ پیرزادہ

مجھے قائد اعظم کی جائیداد اور ان کی وراثت قوم کے لئے

میں تمام املاک قوم کے نام وقف کردوں گی، محترمہ شیریں جناح کی پیشکش

شاہ خالد کے نام خوندکر مشتاق احمد کا پیغام

صدر پاکستان کے نام خوندکر مشتاق احمد کا پیغام ہمدردی

بنگلہ دیش ریڈکراس سوسائٹی کے چیئرمین نے بھی پیغام بھیجا ہے

میامی میں ایک پاکستانی کو ۶ ماہ کی قید

میرے ملک کا نام عوامی جمہوریہ بنگلہ دیش ہے

بھارت میں بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر کا بیان

برادر بنگلہ دیش میں طبی سہولتوں کی زیادہ ضرورت ہے

صدر مشتاق احمد کے پیغام کے جواب میں وزیراعظم بھٹو کا اظہار تشکر

جنرل نیازی کو فوج سے الگ کر دیا گیا

*

*

FOR SALE
MUZAFFAR
226-5454
MORTGAGES
APPRAISALS
COMPLETE SERVICES

نسیم مظفر بروکر

ہمیں آپ رہائشی، دیہاتی، کمرشل اور فارم وغیرہ کی جائیدادوں کی خرید و فروخت اور مارگیج کا بندوبست کرنے کے لئے ہر وقت تیار پائیں گے۔

کی گورنمنٹ کی رعایت کے لئے ہمیں فون کیجئے

2901 BAYVIEW AVENUE, WILLOWDALE ONTARIO M2K 1E6
(Bayview Village Plaza, Suite 219)

MEMBER OF THE TORONTO REAL ESTATE BOARD

LARGEST WHOLESALE SUPPLIER OF

AFRICAN, ASIAN FOODS, SPICES, INCENCE, SOAP, KITCHEN-USE HARDWARE & HUNDREDS OF OTHER ITEMS.

SUPPLYING TO RETAIL STORES THROUGHOUT USA & CANADA

UGANDA GROCERS

86 MACK AVE., UNIT NO. 2, SCARBOROUGH, ONT.
PHONE: 698-6464

ANNOUNCEMENT

SYED M. HUSAIN

YORKMILL PONTIAC BUICK, 3501 YONGE STREET, TORONTO, FEELS PLEASURE IN ANNOUNCING THE APPOINTMENT OF SYED M. HUSAIN IN THEIR SALES TEAM.

COME TO YORKMILL PONTIAC BUICK, GENERAL MOTOR CAR DEALER WHERE YOU HAVE A FINE SELECTION OF COMPACT, INTERMEDIATE & FULL SIZE NEW AND DEPENDABLE USED CARS. CREDIT FACILITY AVAILABLE AT ONE SPOT.

SEE MR. HUSAIN WHO WILL HELP YOU TO GET THE BEST DEAL IN TOWN AND TOP TRADE IN VALUE FOR YOUR CAR.

YORKMILL PONTIAC BUICK
3501 YONGE ST. (JUST SOUTH OF 401)
TELEPHONE (BUS)-85-7641, (RES)493-61..

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قوالی

قوالی — قوالی

چھوٹے صالح محمد آزاد قوّال

دسمبر ۱۹۷۵ء میں شمالی امریکہ میں



مختصر کارکن شمالی امریکہ کے ان مشہور شہروں کا دورہ کریں گے:
ٹورانٹو، آٹوا، مونٹریال، وینکوور، ایڈمنٹن، ڈی ٹرائیٹ، نیویارک، واشنگٹن ڈی سی، لاس اینجلز، سان فرانسسکو، شکاگو اور مینامی۔

تاریخ، وقت اور جگہ کا اعلان جلد کیا جائے گا۔
جو حضرات ان فنکاروں کا شو مذکورہ شہروں میں یا پرائیویٹ طور پر کرانا چاہیں وہ ہم سے مندرجہ ذیل پتے پر رابطہ قائم کر سکتے ہیں۔

KALEEMUDDIN & ABID RIZVI, PHONE: (416)292-1602
1950 KENNEDY ROAD, SUITE #810, SCARBORO, ONTARIO, CANADA - MIP 4S9

نوٹ: مشہور پاکستانی گائیک **مسعود رانا** اور گائیکہ **مالا** کا میڈم **نرالہ** کے ساتھ مارچ ۱۹۷۶ء میں شمالی امریکہ کے دورے پر آ رہے ہیں۔ تفصیلات کا انتظار کیجئے۔

پشاور کو جلد آزاد تجارتی علاقہ قرار دے دیا جائے گا

حکومت سرحد میں صنعتوں کے قیام کی حوصلہ افزائی کرے گی۔ نصراللہ خٹک

پشاور (ا پ پ) پشاور چیمبر آف کامرس کے ایک عشائیے میں صوبہ سرحد کے وزیر اعلیٰ نصراللہ خان خٹک نے تقریر کرتے ہوئے بتایا کہ پشاور کو آزاد تجارتی علاقہ قرار دینے کا منصوبہ وفاقی حکومت کے زیر غور ہے اور جلد ہی اس کا فیصلہ کر دیا جائے گا۔ ...

ایران نے پاکستان کو ۳۷ کروڑ روپے کی لاگت سے آٹھ چھوٹے جہازوں کی تیاری کا آرڈر دیدیا

کراچی شپ یارڈ ڈھائی سال میں جہازوں کی تعمیر کا کام مکمل کرے گا

شہنشاہ ایران نے پاکستان سے چھوٹے جہازوں کی خریداری کی ہدایت کی ہے

کراچی — ا پ پ ایران نے پاکستان کو ۳۷ کروڑ روپے کی مالیت کے ۱۹ چھوٹے جہازوں کی تیاری کا آرڈر دیا ہے۔ اس سلسلے میں دونوں ممالک کے درمیان ... معاہدہ پر دستخط ہو گئے ہیں۔ ...

سعودی عرب کی طرف سے معاہدہ امن کی حمایت

طائف — ا ف پ سعودی عرب نے مصر اسرائیل ... کی حمایت کا اعلان کیا ہے۔ ...

سندھ میں سیلاب کی صورت حال سنگین ہوگئی ضلع دادو کے کئی دیہات زیر آب

چار لاکھ ۶۱ ہزار افراد اور ۱۸۴۳ دیہات متاثر ہو چکے ہیں ۳۸۰۰ مکانات منہدم ہو گئے

فوج کو امدادی کارروائیوں کے لیے تیار رہنے کا حکم دیدیا گیا

سیلاب کے زبردست ریلے نے متعدد حفاظتی بند توڑ دیئے

...

بیرون ملک بھجوانے کا جھانسہ دے کر سینکڑوں لوگوں سے ایک ایک ہزار روپیہ بٹور لیا

سردار قیوم کے بھانجے پر الزام کی تحقیقات

مظفر آباد — (ا پ پ) آزاد کشمیر کے حکام ان شکایات کی تحقیقات کر رہے ہیں کہ آزاد کشمیر کے سابق صدر سردار عبدالقیوم کے بھانجے سردار عبدالغفار نے سینکڑوں لوگوں سے ایک ایک ہزار روپے فی کس وصول کیا ...

دس برسوں میں دس لاکھ جاپانی اسلام قبول کر لیں گے

ٹوکیو میں مزید مساجد تعمیر کی جائیں گی

کراچی — (ا پ پ) پاکستان کا دورہ کرنے والے جاپانی مسلم ... عبدالکریم ... نے کہا ہے کہ ...

Eid Cards

*

عید کارڈ

رنگین اور بہترین طباعت شدہ

عید کارڈ حاصل کرنے کے لیے

ہماری خدمات حاصل کیجیے

دکانداروں اور مختلف انجمنوں کیلئے

خاص رعایت

تفصیلات کیلئے لکھئے یا فون کیجیے



*

Kazal Printers

144 Henderson Ave. Unit 11 Thornhill, Ontario L3T 2L5

Tel. (416) 881-2278



AAlice International

Unique Trade & Commerce

P. O. BOX 369 STATION

TORONTO M4J 4Y8

ONTARIO CANADA

Phone: (416) 459-0820

IF THIS Happens To You!

Expert Body Work

Spray Painting

Guaranteed Work

General Collision Repairs

FREE ESTIMATES

National AUTO BODY

614 Danforth Rd. (at Kennedy) 261-4262

Visit Us

FOR ALL KINDS OF SWEETS AND SALTISH GOODIES

WE ALSO DELIVER FOR PARTIES AND MARRIAGES

SHALIMAR SWEETS SHOP

479 KING STREET EAST, HAMILTON, ONT.
PLEASE CALL FARAH AHMAD AT 529-8502
AFTER HOURS 388-8846

Please Visit Us for

FRESH HALAL MEATS, ALL KINDS OF SPICES, ALL KINDS OF DALLS, PICKELS, FRESH VEGETABLES & TROPICAL FRUITS ETC.ETC.

PANDORA VARIETY

118 PANDORA AVE., N., KITCHENER, ONT.
PHONE: 744-4041
OPEN DAILY FROM 9.00 AM TO 10.00 PM
ON WEDNESDAY OPEN FROM 6.00PM TO 10.00PM ONLY

پاکستان اور سعودی عرب میں تعاون اور مفاہمت کے نئے راستے تلاش کئے گئے ہیں

وزیراعظم بھٹو کے دورہ سعودی عرب سے دونوں ملکوں کے تعلقات اور گہرے ہو گئے

دونوں ملکوں کے مشترکہ کمیشن کا اجلاس جلد ہو گا

جدہ ۔۔۔ (اپ پ) پاکستان کے وزیراعظم بھٹو کے حالیہ تین روزہ سعودی عرب کے دورے سے دونوں ممالک کے تعلقات اور گہرے ہو گئے ہیں یہاں کے سیاسی حلقوں کے مطابق مسٹر بھٹو کا جس گرم جوشی سے استقبال کیا گیا ہے اور ان کے ...

قائداعظم کے صد سالہ یوم پیدائش کی تقریبات کا پروگرام

وزیراعظم بھٹو نے کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی

کراچی ۔۔۔ (اپ پ) بانئ قوم حضرت قائداعظم محمد علی جناح کے صد سالہ یوم پیدائش کے سلسلے میں قائم شدہ کمیٹی کا اجلاس ...

جرثومی بوٹیوں سے علاج کے سلسلے میں پاکستان اور چین ایک دوسرے سے تعاون کریں گے

کراچی ۔۔۔ (اپ پ) ...

بنگلہ دیش برصغیر کے دیگر ممالک کی طرح پاکستان سے بھی بہتر تعلقات چاہتا ہے

انقلاب داخلی مسئلہ ہے اور اس میں کسی بیرونی طاقت کا ہاتھ نہیں

ملک کو اسلامی جمہوریہ قرار نہیں دیا گیا، بھارت سے معاہدوں کا احترام کیا جائیگا

اقوام متحدہ میں بنگلہ دیش کے مستقل مندوب ایس اے کریم کا انٹرویو

...

جمیع الدین منصور پیش کرتے ہیں

ایک ٹکٹ میں دو شاندار فلمیں

رقص و نغمہ سے بھرپور فلم ہیر رانجھا (رنگین پنجابی)

اور

انجمن (رنگین)

Sat. Sept. 20 HEERRANJHA at 3.00 & 9.00 PM
ANJUMAN at 6.00 PM
Sun. Sept. 21, HEERRANJHA at 3.00 & 9.00 PM
ANJUMAN at 6.00 PM

AT RELAX CINEMA
COLLEGE STREET
(2 BLOCKS WEST OF SPADINA AVE.)

FOR INFORMATION CALL 533-5000

پندرہ روزہ
کریسنٹ
شورکوٹ(جھنگ)

أَلَآ إِنَّ أَوْلِيَآءَ ٱللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ
سُن لو کہ جو اللہ کے دوست ہیں ان کو نہ خوف ہو گا اور نہ غم ہو گا (القرآن)

پاک سعودی دوستی
ہمارا مستقبل اسلام ہی سے وابستہ ہے

وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے دورہ سعودی عرب کے خاتمے پر جو مشترکہ اعلان جاری کیا گیا ہے اس پر اسلام کی سربلندی کا آرزومند ہر مسلمان انتہائی مسرت کا اظہار ہی کرے گا۔ کیونکہ اس میں اسلامی اخوت کے سچے جذبے کی اساس پر دو مسلم ممالک کے مابین اشتراک و تعاون اور باہمی دوستی کے استحکام و تقویت پر بار بار زور دیا گیا ہے اور یہ واضح کرنے میں کسی بخل سے کام نہیں لیا گیا کہ دونوں ملکوں کے مابین برادرانہ تعلقات اور معاشی قریبی تعاون مشترکہ اسلامی ورثہ کا رہین منت ہے اور یہ وہ اسلامی ورثہ ہی ہے جس نے دونوں ملکوں کے عوام کو اٹوٹ رشتوں میں منسلک کر دیا ہے۔ البتہ یہ مشترکہ اعلان چلے ہوئے "سوشلسٹ" اور "ترقی پسند" دوستوں کے لیے مزید باعث تکلیف ہو گا جو اسلام کو فرسودہ افکار رفتہ اور کٹھ ملاؤں کا مسلک کہتے ہوئے سیدھے سادے پاکستانی مسلمانوں کو بے خدا سوشلزم، سائنٹفک سوشلزم یا ہر نوع قسم کی گروہی آمریت (سٹالن اور لینن کے سوشلزم کی اصل شکل) کے عذاب میں مبتلا کرنے کے لیے ہاتھ پاؤں مار رہے ہیں۔ اور اس حقیقت کو جانتے بوجھتے ہوئے کہ اسلام کے نام پر معرض وجود میں آنے والے پاکستان کے وجود و بقا اور سلامتی و مستقبل کی ضمانت صرف اور صرف اسلام کے دامن میں پناہ لینے سے ہی حاصل ہو سکتی ہے وہ اسلام کو جدید عصری تقاضوں سے عہدہ برا ہونے کی صلاحیت سے عاری اور دنیائے اسلام کی ابھرتی ہوئی طاقت کو "تیسری دنیا" یا "پسماندہ" اور "ترقی پذیر دنیا" ایسی اصطلاحات کی عینک سے دیکھنے کے عادی ہو چکے ہیں۔ شاید ان کے سوشلسٹ آقاؤں نے ان سے "تیسری دنیا" کے دائرے سے آگے نظر ڈالنے کی صلاحیت ہی چھین لی ہے۔

جہاں تک سعودی عرب اور پاکستان کے باہمی تعلقات کا ذکر ہے دونوں ملکوں کے مابین ابتدا ہی سے انتہائی قریبی رشتے استوار ہیں۔ سعودی عرب کا شمار ان چند ملکوں میں ہوتا ہے جنہوں نے پاکستان کے قیام کو سب سے پہلے تسلیم کیا تھا۔ اور سفارتی تعلقات قائم کرنے میں پہل کی تھی۔ ۱۹۴۷ء سے پیشتر پاکستان اور سعودی عرب کے مابین دوستی کا جو رشتہ استوار ہوا تھا وہ وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ مضبوط تر ہوتا چلا گیا اور دوستی نے بالآخر باہمی اخوت و محبت اور برادرانہ تعلقات کی حیثیت اختیار کر لی۔ دونوں ملکوں کے مابین مضبوط برادرانہ تعلقات کی بنیادی وجہ یہ حقیقت ہے کہ اہل پاکستان سعودی عرب کو ملت اسلامیہ کے مرکز کی حیثیت سے دیکھتے ہیں اور سعودی عرب والے اسلامی جمہوریہ پاکستان کو دنیائے اسلام کا معمار تصور کرتے ہیں۔ سرزمین حجاز مسلمانوں کا روحانی مرکز ہونے کی وجہ سے بھی اہل پاکستان کی نظروں میں انتہائی احترام و عقیدت کا حامل ہے۔ شاہ سعود مرحوم اگر پاکستانی پرچم کو اپنا پرچم اور پاکستان کو اپنا وطن کہتے تھے تو شاہ فیصل مرحوم بھی پاکستان سے گہری محبت رکھتے تھے اور پاکستان کی ہر مصیبت و مشکل پر مضطرب و پریشان ہو جاتے تھے۔ انہوں نے ہر مشکل میں پاکستان کی مدد کی۔ کشمیر، ۱۹۶۵ء کے جارحانہ بھارتی حملہ، دسمبر ۱۹۷۱ء کی تخریب و سازش اور بحرین ...

پاکستان کو ذریعہ شرقی پاکستان کی علیحدگی، حکومتی تبدیلیوں کا سلسلہ، سیلاب، زلزلہ ایسی سماوی آفات یا عام اقتصادی و معاشی مشکلات، غرض سعودی عرب نے ہر آڑے وقت میں پاکستان کی امداد و اعانت میں کبھی کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا۔ سعودی عرب کے عوام کے دلوں میں پاکستانی مسلمانوں کے لیے جو محبت و اخوت موجزن ہے اس کا اندازہ اس حقیقت سے بھی لگایا جا سکتا ہے کہ سعودی عرب میں پاکستانیوں سے ترجیحی سلوک کیا جاتا ہے۔ پاکستانی انجینئروں، ڈاکٹروں، مالیاتی ماہرین، ٹیکنیکل افراد کی ایک کثیر تعداد سعودی عرب میں موجود ہے۔ اہل پاکستان بھی نہ صرف سیاسی سطح پر ہر معاملہ میں اپنے سعودی بھائیوں کی حمایت و تعاون میں پیش پیش رہتے ہیں بلکہ انہیں انتہائی عزت و تکریم کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ دونوں ملکوں کے مابین صنعتی، اقتصادی، تجارتی، معاشی، فنی، فوجی الغرض کم و بیش ہر شعبۂ زندگی میں اشتراک و تعاون جاری ہے۔ سعودی عرب کے طلبا و طالبات کی ایک معقول تعداد ہر سال انجینئرنگ اور میڈیکل کالجوں، فوجی و فنی تربیتی اداروں میں تعلیم و تربیت حاصل کرنے کے لیے پاکستان آتی ہے۔ پاکستان نے سعودی عرب میں کئی منصوبوں کی تکمیل کے لیے فنی امداد مہیا کی ہے۔ باہمی تجارت میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے اور دونوں ملکوں کے مابین مشترکہ منصوبے بروئے کار لانے کے بارے میں بھی غور کیا جا رہا ہے اور سعودی عرب عالم اسلام کی بیداری میں جو نمایاں بلکہ غیر معمولی کردار سرانجام دے رہا ہے اہل پاکستان اسے نہ صرف قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں بلکہ اسلامی اتحاد و یکجہتی کے لیے سعودی کاوشوں میں اپنا مقدور بھر حصہ ادا کرنے میں کبھی تامل نہیں کرتے۔

وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو کے دورہ سعودی عرب سے دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات بلاشبہ مزید مضبوط و مستحکم ہوں گے اور دونوں ملکوں میں باہمی یقین و اعتماد کی جو فضا قائم ہے وہ مزید نکھرے گی۔ مشرقی پاکستان کے بنگلہ دیش بن جانے کے بعد ہم جغرافیائی اعتبار سے مشرق وسطیٰ کا حصہ بن کر رہ گئے ہیں اور مشرق وسطیٰ میں سعودی عرب اپنی دولت و بصیرت کی بدولت غیر معمولی سیاسی و اقتصادی کردار سرانجام دے رہا ہے۔ سعودی عرب کے ساتھ ہمارے انتہائی گہرے برادرانہ مراسم ہمیں مشرق وسطیٰ کے قریب تر لانے اور اپنے مادی و افرادی وسائل سے بہتر طور پر استفادہ کرنے کے مواقع مہیا کر سکتے ہیں۔ مشرق وسطیٰ سیکولر، سوشلسٹ یا غیر مسلم نہیں۔ وہ اسلامی دنیا کا سب سے بڑا حصہ ہے اور اسکی یہ اہمیت و اعتراف کر لیا جا چکا ہے کہ ہمارا اقتصادی، سیاسی اور دینی مستقبل اسی اسلامی مشرق وسطیٰ سے وابستہ ہے۔ لاہور میں اسلامی ملکوں کے سربراہوں کی کانفرنس کے قرارداد "تیسری دنیا" کی جھول میں ڈالنے کی طرح اسلامی مشرق وسطیٰ کو "تیسری دنیا" کا حصہ سمجھنا اسلام دشمن سوشلسٹ کمیونسٹ، یہود و ہنود اور متعصب مغربی عناصر کے لیے تو باعث تقویت ہو سکتا ہے، پاکستان یا اسلامی دنیا کو اس سے کوئی فائدہ نہیں پہنچ سکتا۔

●



نعت

تصدق ہیں نبی پر حق کا جلوہ دیکھنے والے
مدینہ دیکھنے آتے ہیں کعبہ دیکھنے والے

بجا ہے حضرت موسیٰ ہیں جلوہ دیکھنے والے
محمد شاہِ اُمم ہیں ذات والا دیکھنے والے

ابوبکرؓ و عمرؓ کو چاہوں یا عثمانؓ و حیدرؓ کو
مرے مخدوم ہیں سب تیرا جلوہ دیکھنے والے

حریف طور و ایمن ہے ہر اک ذرہ مدینے کا
ادھر دیکھیں فروغ طور سینا دیکھنے والے

بجز ان کے کرم کے باریابی ہو نہیں سکتی
مبارک ہو تجھے حضرت کا روضہ دیکھنے والے

زہے قسمت کہ تو نے روضۂ سرکار دیکھا ہے
ترے قربان جاؤں اے مدینہ دیکھنے والے

بحمداللہ منزل مل گئی گم کردہ راہوں کو
کدھر دیکھیں ترا نقش کف پا دیکھنے والے

غم و آلام میں پہنچے گی نصرت میرے آقا کی
غم و آلام میں سوئے مدینہ دیکھنے والے

ہیں جنت در نظر، مستی بہ دل، تسکین در دامن
دیارِ مصطفیٰ کے کوہ و صحرا دیکھنے والے

نجف ہو، کربلا ہو، طور ہو، یا وادیٔ ایمن
ہر آئینے میں ہم ہیں تیرا جلوہ دیکھنے والے

دعا نہائی غار حرا میں دوسرا کوئی
امیں جبریلؑ تھے خلوت میں تنہا دیکھنے والے

کریں تعین و رہنما جادہ و منزل کو کیسے دیکھیں
کرم ہیں سید ذیشاں کا رستہ دیکھنے والے

تڑپ کونین سے کیا ماجرائے دل کہوں مظہر
شہِ کونین ہیں پنہاں و پیدا دیکھنے والے

حافظ مظہر الدین

نور بصیرت
سید علی عالم شاہ

قرآن پاک

یہ مہینہ اس لیے بابرکت ہے کہ اس میں قرآن پاک نازل ہوا۔ اس لیے اس کے دوران قرآن پاک کی تلاوت، خود تلاوت ہو یا تراویح کے دوران اور ان کے علاوہ، وہ موجب برکت و رحمت ہے۔ قرآن پاک کا یہ اعجاز ہے کہ معمولی پڑھے لکھے، دیہات و دیہ کے تعلیم یافتہ، اعلیٰ تعلیم یافتہ، بڑے بڑے فلسفی اور محقق، اعلیٰ نکات کے جویا، رموز عشق کے شائق سب اس سے بقدر ظرف لطف اندوز ہو سکتے ہیں۔ یہاں تک کہ ان پڑھ بھی اس کے الفاظ کی صوتی خوبصورتی اور عبارت کے آہنگ سے مزہ پاتے ہیں۔ کسی انسان کی لکھی ہوئی کتاب میں یہ بات پیدا نہیں ہو سکتی۔ وہ کسی ایک طبقہ ہی کو متاثر کر سکتی ہے۔

انتخاب الفاظ کا حسن، چند الفاظ میں سارا واقعہ بیان کر جانا یا چند الفاظ میں بہت سے جذبات مثلاً تعجب، تحیر، مسرت وغیرہ کی عکاسی۔ الفاظ کی پاکیزگی، واقعات کی صحت، ایک مضمون کو ہر بار نئے رنگ اور نئے انداز سے بیان کرنا تاکہ وہ پڑھنے والے کے ذہن میں راسخ ہو جائے۔ حکم اس انداز سے دینا کہ اسے بجا لانے کا طریقہ بھی سامنے آ جائے اور حکم بجا لانا آسان ہو جائے۔ کائنات اور ذہن انسانی کے بڑے بڑے اسرار کی جانب چند الفاظ میں اشارہ کر جانا۔ قرآن پاک کی خاص خوبیاں ہیں۔ صاف معلوم ہوتا ہے کہ خالق بات کر رہا ہے۔ موسیٰ طور پر جا کر حق تعالیٰ سے ہم کلام ہوتے تھے۔ حضورؐ کے امتی آپؐ کے طفیل جب چاہیں قرآن پاک کے ذریعہ اللہ تعالیٰ سے ہم کلامی کا شرف حاصل کر سکتے ہیں۔

قرآن پاک کے خاص مضامین، توحید رسالت اور آخرت ہیں۔ شاید اسی نسبت سے "سورہ اخلاص" کو جس میں توحید کا مضمون نہایت جامعیت کے ساتھ چند آیات میں بیان کر دیا گیا ہے، ایک تہائی قرآن پاک کہا جاتا ہے۔ دوسرے نقطۂ نگاہ سے اللہ تعالیٰ کائنات، اور انسان قرآن پاک کے خاص موضوع گنے گئے ہیں۔ سورۂ "الفاتحہ" کی نسبت سے دیکھا جائے تو سارا قرآن پاک تین گروہوں کے بیان سے بھرا ہوا ہے۔ وہ جو اللہ تعالیٰ کے انعامات سے نوازے گئے۔ وہ جو اللہ تعالیٰ کے غضب کا شکار ہوئے اور وہ جو بھٹکے پھرتے ہیں۔ پہلے گروہ میں انبیاء، صدیقین، شہدا اور صالحین ہیں۔ دوسرے میں کفار اور مشرکین۔ اور تیسرے میں منافقین۔

بقول اقبالؒ قرآن پاک کی آیات میں کئی جہان پوشیدہ ہیں، جو آہستہ آہستہ نمودار ہوتے جا رہے ہیں۔ اس سے نئے انسانوں کی تخلیق ہوتی ہے۔ نئے زمانے وجود میں آتے ہیں۔ انفس اور آفاق کے اسرار سے پردے اٹھتے ہیں کیونکہ ؎
ایں کتابے نیست چیزے دیگر است

حدیث نبویؐ

دنیا آخرت کی کھیتی ہے، یہاں جیسا بوئے گا دنیا وہاں کاٹے گا۔ طلب دنیا میں طریق (عمل اور اعتقاد) کا خیال رکھو جو چیز جس کے لیے پیدا کی گئی ہے وہ اُسے مل کر رہے گی۔ کسب معاش اور مال و دولت کے حصول میں غیر شرعی اور قابل اعتراض ذریعے مت اختیار کرو۔ دنیا دھوکا دیتی ہے اور نقصان پہنچاتی ہے اور گزر جاتی ہے۔ دنیا شیریں اور سبز ہے۔ بے شک دنیا ہوا اور ہم سے نہیں۔ دنیا ایماندار کا قید خانہ ہے اور کافر کی بہشت ہے۔ ایماندار کو گناہ میں گرفتار ہو جانے کا ڈر اور عذاب اور قیامت کے حساب و کتاب کا خوف ہر وقت ستاتا ہے۔

رمضان المبارک کے روزے

اسلام نے زندگی کے لیے جو لائحہ عمل دیا ہے (شریعت محمدیؐ) وہ سراپا ڈسپلن ہے۔ نماز کا ظاہر فوجی ڈسپلن پر مبنی ہے اس سے اجتماعی فوائد بھی ہیں اور روحانی ثمرات بھی۔ حج بھی ڈسپلن سکھاتا ہے۔ زکوٰۃ معاشی ڈسپلن کا باعث بنتی ہے۔ مگر رمضان المبارک کے روزے خاص طور سے انفرادی ڈسپلن سکھاتے ہیں۔ ڈسپلن کیا ہے؟ اپنی خواہشات اور جبلی رجحانات کو قابو میں لانا۔

قدیم زمانہ سے ہر قوم اور ملک میں کھانے پینے اور عورتوں سے پرہیز کو خدا رسیدہ یا نیک ہونے کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ عیسائیت اور بدھ مت نے تو عورتوں کے پاس جانے کو گناہ بنا دیا۔ مشکل یہ ہے کہ لوگ بالعموم اپنے جبلی رجحانات مثلاً جنسی جذبہ، لالچ، غصہ وغیرہ کو ضبط میں لانے کی بجائے انہیں فنا کر دینے کے درپے ہوتے ہیں۔ یہ فنا ہو نہیں سکتے کیونکہ یہ انسانی جبلت کے اندر ہیں۔ ویسے یہ بالکل غیر مفید بھی نہیں۔ البتہ اگر انہیں کھلا چھوڑ دیا جائے تو یہ شخصیت کے پرخچے اڑا دیتے ہیں اور معاشرہ کو فتنہ و فساد سے بھر دیتے ہیں لیکن ان جبلی رجحانات کو بالکل دبا دینے کی کوشش کی جائے، تو انسان طرح طرح کی نفسیاتی الجھنوں میں گرفتار ہو جاتا ہے، جس سے اس کی ذہنی اور اخلاقی ترقی مسدود ہو کے رہ جاتی ہے۔ یوں بھی روحانیت کی ترقی کا اصل معیار ذہنی اور اخلاقی بلندی ہے۔ اگر روحانیت ذہن کو ترقی اور اخلاق اعلیٰ نہیں بناتی تو اس میں ضرور کوئی نقص ہے اس لیے ضرورت اس امر کی ہے کہ ضبط نفس پیدا کرنے کے لیے کوئی ایسا طریقہ اختیار کیا جائے جس سے انسانی کی روحانی اور بدنی صلاحیتیں ایک دوسرے کی راہ روکنے کی بجائے ایک دوسرے کی مددگار ثابت ہوں۔ اگر بدنی قوتوں کو اس قدر کمزور کر دیا جائے کہ ان میں جان ہی باقی نہ رہے تو پھر ضبط کاہے پر ہوا؟ ضبط کی صحیح صورت یہ ہے کہ انسان کی شکمی اور شہوانی بھوک کو کچلا نہ جائے اس پر صرف پابندی عائد کی جائے اور وہ پابندی الٰہی ہو اور اس طرح سے عائد کی جائے جس سے انسان کی روحانیت چمکے اور اس کی قوت ارادی مضبوط ہو۔

حدیث نبویؐ

شراب دوا نہیں ہے وہ تو خود بیماری ہے۔ شراب پینے سے پرہیز کرو کیونکہ وہ ہر برائی کی کنجی ہے۔ جس نے شراب پی اسے جہنم کا گرم پانی پلایا جائے گا۔

●

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم قیامت کے دن دو منہ رکھنے والے (منافق) کو تمام لوگوں میں بدتر پاؤ گے جو ایک گروہ کے پاس ایک چہرہ لے کر آتا ہے اور دوسرے لوگوں کے پاس دوسرے چہرہ کے پاس جاتا ہے۔

۱۔ امانت داری عزت ہے
۲۔ امانت داری رزق کھینچتی ہے اور خیانت غریبی کھینچتی ہے۔
۳۔ جس نے تجھے امانت رکھنے کو دی اُسے ادا کر اور جس نے تجھ سے خیانت کی تو اس سے خیانت نہ کر۔
۴۔ جو امانت دار نہ ہو اس کا ایمان نہیں ہے

●

شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اخبار

کریسنٹ

پندرہ روزہ

ٹورانٹو کینیڈا

پاکستان اور سعودی عرب ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیں گے

وزیر اعظم بھٹو کے دورہ سعودی عرب سے دونوں ملکوں کے تعلقات میں نقد و افرہ ہوا ہے

دونوں ملک اسلامی ممالک کے درمیان اخوت کے رشتے کو مضبوط بنائیں گے

سعودی عرب اور پاکستان کا مشترکہ اعلامیہ

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) وزیر اعظم بھٹو کے تین روزہ دورہ سعودی عرب کے خاتمے پر آج ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا جس میں اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ جب کبھی پاکستان یا سعودی عرب کی قومی آزادی یا علاقائی سالمیت پر کسی قسم کی کوئی آنچ آئی تو دونوں ممالک ایک دوسرے کا بھرپور ساتھ دیں گے اور ہر معاملے میں ایک دوسرے کے شانہ بشانہ رہیں گے ...

مذاکرات انتہائی کامیاب رہے

وزیر اعظم بھٹو نے مسجد نبوی میں نماز ادا کی

طائف ۔۔۔ (اپ پ) اسپیشل رپورٹر) وزیر اعظم مسٹر ذوالفقار علی بھٹو نے آج یہاں سعودی عرب کے ولی عہد شہزادہ فہد سے دو گھنٹے تک دونوں ملکوں کے درمیان دو طرفہ تعلقات اقتصادی تعاون، عرب دنیا کے مسائل اور دیگر دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا ...

وزیر اعظم بھٹو خانہ کعبہ میں نماز ادا کرنے کے بعد باہر آ رہے ہیں

میں سب سے زیادہ چواین لائی سے متاثر ہوا ہوں

وزیر اعظم چین ہر معاملے کی تہہ تک پہنچتے ہیں۔ اور وہ مکمل انسان ہیں: وزیر اعظم بھٹو

راولپنڈی ۔۔۔ (اپ پ) وزیر اعظم ذوالفقار علی بھٹو نے عوامی جمہوریہ چین کے وزیر اعظم چواین لائی کو زبردست خراج تحسین پیش کیا ہے اور انہیں ایک مکمل انسان قرار دیا ہے ...

بنگلہ دیش میں نئی حکومت کی اسلامی حیثیت کا جائزہ لئے بغیر اسے تسلیم کرنے کا اقدام حکومت پاکستان کی خارجہ پالیسی کے منافی ہے: ہزاروی

ضمنی انتخابات میں حصہ لینے کا فیصلہ جمہوریت کی بقا کے لئے کیا گیا ہے

گوجرانوالہ ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) جمعیت علماء پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی کے رکن مولانا غلام غوث ہزاروی نے ...

بنگلہ دیش اور چین کے تعلقات مستقبل میں اور مضبوط ہوں گے

ماؤزے تنگ کے نام خوندکر کا پیغام

ڈھاکہ ۔۔۔ (اپ پ ا رپ) بنگلہ دیش کے صدر خوندکر مشتاق احمد نے وزیر اعظم چین مسٹر چواین لائی کے نام اپنے ایک پیغام میں حکومت چین کے اس فیصلے پر شکریہ ادا کیا ہے جس کے مطابق چین نے بنگلہ دیش کو تسلیم کر لیا ہے ...

برطانیہ میں مقیم پاکستانی باشندوں کو دوبارہ شادی کرانی پڑے گی

اسلام آباد ۔۔۔ (اپ پ) برطانیہ میں رہنے والے پاکستانی باشندوں کو جو پاکستان میں شادی کریں گے اب برطانیہ میں دوبارہ شادی کرانی پڑے گی ...

Please subscribe to the Crescent, a Pakistani English/Urdu Newspaper

SUBSCRIPTION RATES:

☐ 1 Year Air Mail/1st Class $ 8.00

☐ 2 Years Air Mail/1st Class $14.00

☐ 6 Months Air Mail/1st Class $ 5.00

FORTNIGHTLY

Crescent

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P6
Telephone: (416) 49[illegible]

Name

Address

Postal Code

Telephone No.